| | | |
|---|---|---|
| PAPER CODE NUMBER:4027 | 2018 (A) | رول نمبر ________ |

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

## اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا

وقت = 20 منٹ

## گروپ - پہلا

**حصہ معروضی**

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

(1) سبق " تشکیلِ پاکستان " مصنف کی تصنیف ______ سے ماخوذ ہے۔
(A) کارنامہ مجاہد اسلام (B) عظیم شخصیات (C) قصص الانبیاء (D) کارنامہ اسلام

(2) سبق " مولانا ظفر علی خاں " تصنیف ہے۔
(A) میاں بشیر احمد کی (B) چراغ حسن حسرت کی (C) مولوی عبدالحق کی (D) شاہد احمد دہلوی کی

(3) ابن انشا کا اصل نام ہے۔
(A) شبیر احمد (B) شیر محمد (C) بشیر احمد (D) خیر محمد

(4) ٹیلی گرافی کا آلہ ______ میں ایجاد ہوا۔
(A) 1836ء (B) 1838ء (C) 1840ء (D) 1842ء

(5) عمر بن عبدالعزیزؒ نے جب وفات پائی تو کل دینار چھوڑے۔
(A) سترہ (B) ستر (C) ایک ہزار سترہ (D) سترہ ہزار

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیش نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(6) تین پلیٹیں، چار گلاس اور ایک کپ ٹوٹ ______
(A) گئے (B) گئیں (C) گئی (D) گیا

(7) " کلیاتِ فیض " گزشتہ برس ______
(A) چھپی تھی (B) چھپے تھے (C) چھپا تھا (D) چھپی تھیں

(8) جیسے جیسے اس کا علاج ہوتا رہا ______ مرض کی شدت میں کمی آتی گئی۔
(A) جیسے جیسے (B) تیسے تیسے (C) اسی طرح (D) ویسے ویسے

(9) روشنی ہو ______ تاریکی، کام تو کرنا ہوگا۔
(A) یا (B) اور (C) تو (D) و

(10) اس کے ہوش وحواس ______
(A) جاتا رہا (B) جاتے رہے (C) جاتی رہی (D) جاتی رہیں

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

(11) جملہ معترضہ کے شروع اور آخر میں علامت لگائی جاتی ہے۔
(A) " " (B) ! (C) ؛ (D) ( )

(12) وقفہ کی تعریف ہے۔
(A) مختصر ٹھہراؤ (B) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ (C) مکمل ٹھہراؤ (D) تفصیل بیان کرنا

(13) رابطہ کی علامت ہے۔
(A) ؛ (B) ! (C) : (D) ،

(14) جذبے کے اظہار کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے۔
(A) قوسین (B) رابطہ (C) فجائیہ (D) سکتہ

(15) قوسین کا دوسرا نام ہے۔
(A) تحسین (B) آفرین (C) خطوط وحدانی (D) واوین

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیش نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

(16) ہونا
(A) کاش! وہ میرے گھر آیا ہوتا۔ (B) اس کے ساتھ بہت برا ہوا۔ (C) ہوا چلی تو کیا ہوا؟ (D) تمھیں کیا ہو گیا ہے؟

(17) رہنا
(A) ندی کا پانی بہہ رہا ہے۔ (B) تم کہاں رہتے ہو؟ (C) وہ ہر کام میں پیچھے رہتا ہے۔ (D) اسلم کا قلم وہیں رہ گیا۔

(18) آنا
(A) میں آگیا ہوں۔ (B) تمھیں یہاں نہیں آنا چاہیے تھا۔ (C) میں تمہارے گھر آؤں گا۔ (D) کیا دن نکل آیا ہے؟

(19) جانا
(A) وہ سکول گیا۔ (B) وہ گھر جا رہا ہے۔ (C) میز کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی ہے۔ (D) مجھے کراچی جانا ہے۔

(20) کرنا
(A) نماز پڑھا کرو۔ (B) استاد کا ادب کرو۔ (C) ہر کام بسم اللہ پڑھ کر کرو۔ (D) تم یہ کیوں کر رہے ہو؟

رول نمبر ____________

2018 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارھویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - پہلا **انشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی
کلبلاتی بستیاں، مشکل سے دوچار آدمی کتنا کم یاب آدمی ہے، کتنا بسیار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

موت! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی، یہ لوگ تو مر جاتے ہیں
بے ہُنر، دشمنئ اہلِ ہنر سے، آ کر منہ پہ چڑھتے تو ہیں، پر جی سے اُتر جاتے ہیں
آہ! معلوم نہیں، ساتھ سے اپنے شب و روز لوگ جاتے ہیں چلے، سو یہ کدھر جاتے ہیں

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) وہ جوہرِ قابل تھے مگر موقعے کی تاک میں تھے۔ حیدر آباد میں اُن کی سیاست دانی، تدبر، انتظامی قابلیت کے جوہر کُھلے۔ اُن کا ذہن ایسا رسا، اُن کی طبیعت ایسی حاضر، اُن کے اوسان ایسے بجا اور معاملات اور واقعات پر ایسا عبور تھا کہ بڑے بڑے پیچیدہ معاملات کو باتوں باتوں میں سُلجھا دیتے تھے۔ وہ اگر ٹرکی یا کسی اور سلطنت کے فارن منسٹر ہوتے تو یقیناً دنیا میں بڑا نام پیدا کرتے، بڑے بڑے مدبر اُن کا لوہا مان گئے تھے۔

(ب) مولوی نذیر احمد بڑے غیور آدمی تھے۔ سسرال والے خاصے مَرفَہ الحال تھے، مگر اُنہوں نے اسے گوارا نہ کیا کہ سسرال والوں کے ٹکڑوں پر پڑے رہیں۔ جب اُن کی شادی ہوئی تو غالباً پندرہ روپے کے ملازم تھے۔ اسی میں الگ ایک کھنڈ لا لے کر رہتے تھے۔ میں نے بڑی بوڑھیوں سے سُنا ہے کہ اُن کے گھر میں صرف ایک ٹوٹی ہوئی جوتی تھی۔ کبھی بیوی ان لیتروں کو ہلگا لیتیں کبھی میاں۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) محنت پسند خردمند (ii) مولوی نذیر احمد

5۔ نصاب میں شامل اکبر الٰہ آبادی کی نظم '' خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) اُردو ذریعۂ تعلیم (ii) محنت کی عظمت (iii) ماحولیاتی آلودگی

7۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیں جس میں اُسے آوارگی سے بچنے اور محنت سے پڑھنے کی تلقین کریں۔ 10

**PAPER CODE NUMBER:4028**

2018 (A)

رول نمبر ____________

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

## اردو ( لازمی ) پرچہ ۔ دوسرا

وقت = 20 منٹ

## گروپ ۔ دوسرا

### حصہ معروضی

کل نمبر = 20

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ دائروں کو پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اِس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

**نثری اسباق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔**

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | ایک مرتبہ ایک صاحب کہنے لگے کہ مولانا ظفر علی خاں اُستاد ہیں۔ | زبان کے | صحافت کے | محاورے کے | زبان اور محاورے کے |
| (2) | مارکونی نے وائرلیس بنانے میں پہلی کامیابی حاصل کی۔ | 1838ء میں | 1895ء میں | 1904ء میں | 1905ء میں |
| (3) | عمرؒ بن عبدالعزیزؒ کے غلام کا نام تھا۔ | میمون | مزاحم | مکحول | عبدالملک |
| (4) | محنت پسند خردمند نے لقب حاصل کیا۔ | سلطانِ محنت پسند | شاہِ محنت پسند | سالارِ محنت پسند | امیرِ محنت پسند |
| (5) | میرے گلے میں ہار ڈالے۔ ( بحوالہ سبق ہوائی ) | دوستوں نے | انجان شکلوں نے | رشتہ داروں نے | لوگوں نے |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (6) | آپ ______ مرض خطرناک ہے۔ | کی | کا | کے | کیں |
| (7) | ______ یہی نصیب میں تھا۔ | ورنہ | اگرچہ | بس | جبکہ |
| (8) | سچ بولو ______ ندامت سے بچے رہو۔ | تاکہ | اگر | البتہ | خواہ |
| (9) | اُس کا گھر، دکانیں اور سامان سب کچھ بک ______ | گیا | گئے | گئی | گئیں |
| (10) | عوام نعرے لگا ______ | رہی تھی | رہا تھا | رہی تھیں | رہے تھے |

**رموزِ اوقاف کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے۔**

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (11) | الفاظ اور معانی کے درمیان علامت لگاتے ہیں۔ | وقفہ | رابطہ | سکتہ | خط |
| (12) | کوئی تفصیل دینے کے لیے علامت لگاتے ہیں۔ | واوین | ختمہ | تفصیلیہ | رابطہ |
| (13) | لاہور ______ کراچی اور راولپنڈی بڑے شہر ہیں۔ | ، | ! | : | ۔ |
| (14) | یہ علامت : ہے۔ | رابطہ کی | تفصیلیہ کی | وقفہ کی | ختمہ کی |
| (15) | قوسین کی علامت ہے۔ | :- | ۔ | “ ” | ( ) |

**امدادی افعال کے صحیح استعمال کے پیشِ نظر درست جواب منتخب کیجیے۔**

| | | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (16) | پڑنا | وہ گر پڑا۔ | وہ بستر پر پڑا ہے۔ | بیکار مت پڑے رہو۔ | میرے پیچھے کیوں پڑ گئے؟ |
| (17) | دینا | مجھے کتاب دو۔ | وہ زخم دیتا ہے۔ | میں نے قلم دیا۔ | میرا قلم دے دو۔ |
| (18) | سکنا | وہ سکتے میں آ گیا۔ | نازک دل ٹوٹ سکتا ہے۔ | سکتہ ہے مختصر ٹھہراؤ۔ | اُس کا سکنہ ملتان ہے۔ |
| (19) | بیٹھنا | پرندہ درخت پر جا بیٹھا۔ | وہ کُرسی پر بیٹھا۔ | تم کہاں بیٹھے ہو؟ | عمر حیران بیٹھا تھا۔ |
| (20) | پانا | اُس نے کامیابی پائی۔ | کاش! میں اُسے دیکھ پاتا۔ | اُس نے منزل پالی۔ | کیا گھر پالیا؟ |

رول نمبر ____________

2018 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II ( کلاس بارہویں )

اردو ( لازمی ) پرچہ - دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ - دوسرا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

## حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 8

ترا شباب امانت ہے ساری دنیا کی — تو خارزارِ جہاں میں گلاب پیدا کر
سکون خواب ہے بے دست و پا ضعیفی کا — تو اضطراب ہے خود اضطراب پیدا کر

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 3 + 3 + 3

نومید نہ ہو ان سے، اے رہبر فرزانہ! — کم کوش تو ہیں لیکن بے ذوق نہیں راہی
اے طائرِ لاہوتی! اُس رزق سے موت اچھی — جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی
دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اَولیٰ — ہو جس کی فقیری میں بُوئے اسدُ اللّٰہی

## حصہ دوم

3۔ سیاق وسباق کے حوالہ سے کسی ایک پیرا گراف کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 1 + 3 + 10

(الف) مسلمانوں کا نصب العین اسلام ہے۔ وہ اسلام نہیں جس کا ڈنکا مطلق العنان بادشاہوں اور خود غرض اُمرا نے بجایا بلکہ وہ اسلام جس کا حامل قرآن ہے، جس نے صرف اُن دیکھے خدا کے آگے سر جھکانا سکھایا۔ وہ اسلام جس کا نمونہ آنحضرتؐ اور خلفائے راشدین کے عہد میں مسلمانوں کی زندگیوں میں نظر آتا ہے۔ وہ سچائی، وہ دلیری، وہ خود اعتمادی، وہ انکسار و امن پسندی، وہ محنت و مساوات، وہ صبر و تقویٰ، وہ مسلم و غیر مسلم سب کی خدمت، سب کے حقوق کا تحفظ، سب سے رواداری اور محبت! یہ ہے پاکستان کے مسلمانوں کا نصب العین۔

(ب) آب و ہوا قدرتی غذائیں تیار کر کے زمین کے دسترخوان پر چُن دیتی تھیں، وہ ہزار مقوّی اور مفرّح کھانے کے کام دیتی تھی۔ صبا و نسیم کی شمیم میں ہوائی خوشبوؤں کے عطر مہک رہے تھے۔ بلبلوں کے چہچہے، خوش آواز جانوروں کے زمزمے سنتے تھے، خوبصورت خوبصورت چرند پرند آس پاس کلیل کرتے پھرتے تھے۔ جابجا درختوں کے جھرمٹ تھے۔ انہیں کے سائے میں سب چین سے زندگی بسر کرتے تھے۔ یہ عیش و آرام کے قدرتی سامان اس بہتات سے تھے کہ ایک شخص کی فراوانی سے دوسرے کے لیے کمی نہ ہوتی تھی اور کسی طرح ایک دوسرے کو رنج نہ پہنچتا تھا۔ سب کی طبیعتیں خوشی سے مالا مال اور دل فارغ البال تھے۔

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 = 1 + 9

(i) مناقبِ عمر بن عبدالعزیزؒ (ii) دستک

5۔ نصاب میں شامل سید ضمیر جعفری کی نظم '' آدمی '' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) علامہ محمد اقبالؒ بحیثیت مفکر پاکستان (ii) علم کے فائدے (iii) منشیات: ایک معاشرتی روگ

7۔ اپنے والد بزرگوار کے نام خط لکھ کر انہیں حالیہ امتحانات میں اپنی تیاری اور کارکردگی سے آگاہ کیجیے۔ 10